The Children's Society

# نیشنل ریفرل میکانزم

والدین کے لیے ایک رہنمائی


© The Children's Society 2020

The Children's Society

## NRM کیا ہے؟

NRM یا 'نیشنل ریفرل میکانزم' انسانی بازارکاری اور جدید بردہ دارانہ نظام/غلامی کے متاثرین کی شناخت کے لیے ایک بنیادی ڈھانچا ہے۔

اس عمل کے ذریعے یہ یقینی بنانا چاہیے کہ متاثرین کو معاونت حاصل ہو اور ان کے تجربات کو تسلیم کیا جائے۔

## انسانی بازارکاری کیا ہے؟

اگر مندرجہ ذیل دو چیزیں رونما ہوئی ہوں تو کسی بچے کو بازارکاری سے متاثرہ کے طور پر سمجھا جانا چاہیے:

### .1

بچے کو **بھرتی کیا** گیا ہے (مثال کے طور پر پیسے، تحائف، معاشرتی حیثیت اور/یا انہیں تسلیم کیے جانے اور شناخت کا احساس دلانے کے وعدوں کے ذریعے – ہم اس کو **'گرومنگ'** کہتے ہیں)

یا

بچے کو الف سے ب **منتقل** کیا گیا ہے (یہ چھوٹے گاؤں، قصبے یا شہروں کو شامل کرتے ہوئے دور یا قریب کے فاصلے ہو سکتے ہیں۔

یا

بچے کو **پناہ دی** گئی ہے۔ پناہ دینے کا مطلب کسی کو رکھنا اور چھپانا ہے، مثال کے طور پر فارم پر جسمانی کام کرنے کے لیے، یا کسی ایسے گھر میں جو منشیات کا سودا کرنے کے لیے اڈے کے طور پر لیا گیا ہے (جسے اکثر 'ٹریپ ہاؤس' کہا جاتا ہے)۔

### .2

یہ **استحصال کرنے کے مقصد کے لیے** کیا گیا ہے۔

لہٰذا مثال کے طور پر، منشیات منتقل کرنے اور پہنچانے کی غرض سے ایک نوجوان شخص کو ریل گاڑی میں ایک مقام سے دوسرے پر بھیجا جاتا ہے۔ ہم اسے **مجرمانہ استحصال** کہتے ہیں۔

ایک اور مثال میں کسی نوجوان کے بینک اکاؤنٹ کو غیر قانونی طور پر حاصل کیا گیا پیسہ رکھنے کے لیے استعمال کرنا شامل ہو سکتا ہے۔ ہم اسے **مالی استحصال** کہتے ہیں۔

**مزدوری استحصال** کی ایک مثال میں ایک نوجوان سے بغیر معاوضہ 'کام' کرانا شامل ہو سکتا ہے۔

یا **جنسی استحصال** میں انہیں ایک یا زیادہ لوگوں کے ساتھ جنسی تعلقات قائم کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔


© The Children's Society 2020

The Children's Society

**بچوں کے استحصال کی طرح، انسانی بازارکاری اور جدید بردہ دارانہ نظام/غلامی میں نوجوان اور انہیں کنٹرول کرنے والوں (مثال کے طور پر عمر یا حیثیت کی وجہ سے) کے درمیان طاقت کا عدم توازن شامل ہوتا ہے۔**

اگر کسی بچے کے ساتھ ایسا سلوک کیا جاتا ہے کہ وہ کسی کی 'ملکیت' (جیسے جائیداد کے حصے کی طرح) ہے یا اگر ان سے کہیں کام کرایا جاتا ہے اور وہ وہاں سے نکلنے سے قاصر ہوتے ہیں تو اسے جدید بردہ دارانہ نظام/غلامی کہا جاتا ہے۔

یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ کسی بھی پس منظر کے کسی بھی بچے کو استحصال کے لیے تیار کیا جا سکتا ہے۔ اس میں کوئی شرم نہیں ہے، تاہم یہ یقینی بنانے کے لیے کہ بچے کو صحیح معاونت مل رہی ہے علامات کی نشاندہی کرنا اور ان کی اطلاع دینا ایک اہم بات ہے۔ NRM عام حفاظت کے طریقوں کا متبادل نہیں ہے، بلکہ NRM عمل کو ان کی تکمیل کرنی چاہیے۔ لہٰذا پولیس اور اپنی مقامی سماجی خدمات کو خدشات سے آگاہ کرنا ابھی بھی بہت اہم ہے۔

## NRM ریفرل کا عمل

والدین خود NRM ریفرل نہیں کر سکتے ہیں، لیکن پولیس اور سماجی تحفظ جیسی کچھ تنظیموں کا فرض ہے کہ اگر انہیں شبہ ہے کہ کوئی شخص انسانی بازارکاری کا شکار ہو سکتا ہے تو وہ وزارتِ داخلہ کو ریفرل کریں۔ جن پیشہ وروں کا ریفرل کرنے کا فرض ہے وہ **پہلے جواب دہندگان** کہلاتے ہیں۔

- اگر بازارکاری کی علامات (جن کو اشارے بھی کہتے ہیں) موجود ہیں، تو پہلے جواب دہندہ کے لیے وزارتِ داخلہ سے رجوع کرنے کے لیے یہ کافی ہونا چاہیے۔

- اس کے بعد وزارتِ داخلہ یہ طے کرنے کے لیے فیصلہ کرے گی کہ آیا اس شخص کو بازارکاری کا متاثرہ شخص سمجھا جانا چاہیے۔

- کچھ چیرٹی ادارے بھی NRM ریفرل کر سکتے ہیں اور آپ کو مشورہ فراہم کر سکتے ہیں۔ مثال کےطور پر آپ معاونت کے لیے NSPCC ہیلپ لائن یا جدید بردہ دارانہ نظام/غلامی کی ہیلپ لائن پر کال کر سکتے ہیں۔

## NRM فیصلے کا کیا مطلب ہے؟

فیصلہ سازی کے عمل کے دو مراحل ہیں:

1. **وجوہات کی بنیاد پر** پانچ دن کے اندر ایک معقول فیصلہ کیا جانا چاہیے۔ اس کا مطلب ہے کہ **'مجھے شک ہے لیکن ثابت نہیں کر سکتا'**، کہ وہ متاثرہ ہیں۔

2. اس کے بعد، **تصفیہ کن وجوہات کی بنیاد پر ایک حتمی فیصلہ** کیا جانا چاہیے۔ اس کا مطلب ہے کہ **"اس کا بہت زیادہ امکان ہے"** کہ وہ متاثرہ ہیں۔

اضافی معلومات وزارتِ داخلہ کو اس وقت تک بھیجی جا سکتی ہیں جب تک کہ وہ تصفیہ کن وجوہات کی بنیاد پر ایک حتمی فیصلہ نہ کر لے۔ کوئی بھی متعلقہ نئی معلومات ان کے فیصلے میں ان کی مدد کریں گی۔ اگرچہ والدین NRM ریفرل نہیں کر سکتے، آپ ریفرل کے بعد نئی معلومات بھیج سکتے ہیں۔ ہم اس چیز کی حوصلہ افزائی کریں گے، کہ اگر ممکن ہو تو ابتدائی طور پر ریفرل کرنے والے شخص یا تنظیم کے ساتھ شراکت میں یہ کیا جائے۔ نئی معلومات nationalreferralmechanism@homeoffice.gov.uk پر بھیجی جانی چاہیے


© The Children's Society 2020

The Children's Society

اگر کسی شخص کی بازارکاری کے متاثرہ شخص کے طور پر شناخت ہوئی ہے، تو اگر وہ گرفتار ہو جاتے ہیں یا کسی جرم کے الزامات کا سامنا کر رہے ہیں تو اس کی بنیاد پر ان کے ساتھ سلوک کرنے کے انداز میں تبدیلی آنی چاہیے، کیونکہ اس نوجوان کا استحصال کیا جا رہا تھا۔ اس صورتحال میں بازارکاری کے متاثرین کو بھی یہ حق حاصل ہے کہ وہ جدید بردہ دارانہ نظام/غلامی کا دفاع نامی ایک قانونی دفاع کو استعمال کریں اور انہیں اپنے وکیل کے ساتھ اس پر تبادلہ خیال کرنا چاہیے۔

اگر کسی بچے کو وزارتِ داخلہ کی جانب سے تصفیہ کن وجوہات کی بنیاد پر ایک مثبت فیصلہ مل جاتا ہے تو پھر انہیں اپنی آزمائش سے پہلے جیسی حالت میں واپس آنے میں معاونت کے لیے سہولیات جیسے تھراپی تک رسائی فراہم کی جانی چاہیے۔ یہ معاونت سماجی خدمات کی طرف سے فراہم کی جانی چاہیے اور NRM فیصلہ ان کی محفوظ فیصلہ سازی کا حصہ ہونا چاہیے۔ والدین کی حیثیت سے آپ سماجی خدمات سے تعاون کی تائید کرنے کے لیے مثبت فیصلے کا استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ کا بچہ بچوں کی بازارکاری کی سرپرستی کی آزاد خدمت سے بھی مدد حاصل کر سکتا ہے۔

اگر آپ کا بچہ متحدہ برطانیہ میں پناہ یا تحفظ کا متلاشی ہے تو پھر NRM کا فیصلہ اس سے متعلقہ ہو سکتا ہے۔ کچھ معاملات میں NRM کے ایک مثبت فیصلے سے وزارتِ داخلہ آپ کے بچے کو متحدہ برطانیہ میں رہنے کے لیے صوابدیدی چھٹی دے سکتی ہے۔ یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے بچے کے امیگریشن کے وکیل کو جلد سے جلد، مثالی طور پر NRM کے جمع کروانے سے پہلے ملوث کریں۔ اس کے بعد وہ NRM اور اس کے آپ کے بچے کے تحفظ کے دعوے سے تعلق کے بارے میں مشورہ دے سکتے ہیں۔

## اگر آپ NRM کے فیصلے سے خوش نہیں ہیں تو کیا ہو گا؟

اگر آپ اس سے خوش نہیں ہیں تو آپ یا آپ کا بچہ وزارتِ داخلہ کو NRM کے فیصلے پر دوبارہ غور کرنے کی درخواست کرنے کا حق دار ہے۔ فیصلے کو چیلنج کرنے کے لیے آپ کو قانونی نمائندگی کا بھی حق حاصل ہے اور یہ ایک سرکاری قانونی وکیل کے ذریعے کرنے کی ضرورت ہو گی (آپ کے حالات کے لحاظ سے اس کے لیے قانونی امداد دستیاب ہو سکتی ہے)۔ آپ ایک سرکاری قانونی وکیل یہاں تلاش کر سکتے ہیں۔

## مدد کہاں سے حاصل کی جائے

اپنے کسی بھی خدشے کے بارے میں بات کرنے یا مدد حاصل کرنے کے لیے آپ جدید بردہ دارانہ نظام/غلامی کی ہیلپ لائن **0800 012 1700** پر یا NSPCC ہیلپ لائن **0808 800 5000** پر کال کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کا بچہ آپ سے اپنی صورتحال کے بارے میں بات نہیں کرنا چاہتا، یا یہاں تک کہ اگر وہ ایسا کرتے بھی ہیں، تو انہیں بتائیں کہ وہ ہمیشہ چائلڈ لائن کو **0800 1111** پر کال کر سکتے ہیں یا یہاں فراہم کردہ تفصیلات کے ساتھ ان سے آن لائن بات چیت کر سکتے ہیں یہاں۔ متحدہ برطانیہ کے کچھ علاقوں میں بچوں کی بازارکاری کی سرپرستی کی آزاد خدمت کی معاونت حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ جاننے کے لیے کہ آیا آپ کا بچہ یہ معاونت حاصل کر سکتا ہے یا نہیں، آپ برنارڈو کی 24 گھنٹے کی معاونت کی لائن پر **0800 043 4303** پر کال کر سکتے ہیں۔

**اگر آپ کو فکر ہے کہ آپ کے بچے کو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے، تو ہنگامی صورتحال میں پولیس کو 101 یا 999 پر کال کریں اور بتائیں کہ آپ کو فکر ہے کہ آپ کے بچے کی بازارکاری کی جا رہی ہے۔**

ہم آپ کو اپنی مقامی سماجی تحفظ کی ٹیم کو کال کرنے کی بھی ترغیب دیں گے - تفصیلات آپ کی مقامی کونسل کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ آپ اپنی مقامی کونسل یہاں تلاش کر سکتے ہیں۔


© The Children's Society 2020